## يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ

اے ایمان والو اُونچی نہ کرو اپنی آوازیں نبی کی آواز سے اُوپر،

# الْحُجُرَات

## بِسْمِ اللّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيم

---

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيِ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَاتَّقُوا اللَّهَ

اے ایمان والو! آگے نہ بڑھو اللہ سے اور اس کے رسول سے، اور ڈرتے رہو اللہ سے۔

إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (١)

اللہ سنتا ہے جانتا۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ

اے ایمان والو اُونچی نہ کرو اپنی آوازیں نبی کی آواز سے اُوپر،

وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ

اور اس سے نہ بولو تڑخ کر (آواز بلند کرکے)، جیسے تڑختے (بلند کرتے ہو آوازیں) ہو ایک دوسرے پر،

أَن تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنتُمْ لَا تَشْعُرُونَ (٢)

کہیں اکارت ہو جائیں تمہارے کئے، اور تم کو خبر نہ ہو۔

إِنَّ الَّذِينَ يَغُضُّونَ أَصْوَاتَهُمْ عِندَ رَسُولِ اللَّهِ أُوْلَئِكَ الَّذِينَ امْتَحَنَ اللَّهُ قُلُوبَهُمْ لِلتَّقْوَى

جو لوگ دبی آواز بولتے ہیں رسول اللہ کے پاس، وہی ہیں جن کے دل جانچے ہیں اللہ نے ادب کے واسطے۔

لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ عَظِيمٌ (٣)

ان کو معافی ہے اور نیگ (اجر) بڑا۔

إِنَّ الَّذِينَ يُنَادُونَكَ مِن وَرَاءِ الْحُجُرَاتِ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ (٤)

جو لوگ پکارتے ہیں تجھ کو دیوار کے باہر سے، وہ اکثر عقل نہیں رکھتے،

وَلَوْ أَنَّهُمْ صَبَرُوا حَتَّى تَخْرُجَ إِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ
اور اگر وہ صبر کرتے، جب تک تو نکلتا ان کی طرف، تو ان کو بہتر تھا۔

وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (٥)
اور اللہ بخشتا ہے مہربان۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن جَاءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوا
اے ایمان والو! اگر آئے تم پاس ایک گنہگار خبر لے کر تو تحقیق کرو،

أَن تُصِيبُوا قَوْمًا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوا عَلَى مَا فَعَلْتُمْ نَادِمِينَ (٦)
کہیں جا نہ پڑو کسی قوم پر نادانی سے، پھر کل کو لگو اپنے کئے پر پچھتانے۔

وَاعْلَمُوا أَنَّ فِيكُمْ رَسُولَ اللَّهِ لَوْ يُطِيعُكُمْ فِي كَثِيرٍ مِّنَ الْأَمْرِ لَعَنِتُّمْ
اور جان لو، کہ تم میں رسول ہے اللہ کا۔ اگر تمہاری بات مانا کرے بہت کاموں میں تو تم پر مشکل پڑے،

وَلَكِنَّ اللَّهَ حَبَّبَ إِلَيْكُمُ الْإِيمَانَ وَزَيَّنَهُ فِي قُلُوبِكُمْ
پر اللہ نے محبت ڈالی تمہارے دل میں ایمان کی، اور اچھا دکھایا اسکو تمہارے دلوں میں

وَكَرَّهَ إِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوقَ وَالْعِصْيَانَ
اور برا لگایا تمکو کفر اور گناہ اور بے حکمی۔

أُوْلَئِكَ هُمُ الرَّاشِدُونَ (٧)
وہ لوگ وہی ہیں نیک چال پر۔

فَضْلًا مِّنَ اللَّهِ وَنِعْمَةً
اللہ کے فضل سے اور احسان سے۔

وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ (٨)
اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا۔

وَإِن طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا
اور اگر دو فرقے مسلمانوں کے آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں ملاپ کرا دو۔

فَإِن بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَى فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتَّى تَفِيءَ إِلَى أَمْرِ اللَّهِ
پھر اگر چڑھا جائے ایک ان میں دوسرے پر، تو لڑو اس چڑھائی والے سے، جب تک پھر آوے اللہ کے حکم پر،

فَإِن فَاءتْ فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَأَقْسِطُوا
پھر اگر پھر (پلٹ) آیا تو ملاپ کراؤ ان میں برابر، اور انصاف کرو۔

إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ (٩)
بیشک اللہ کو خوش آتے ہیں انصاف والے۔

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (١٠)
مسلمان جو ہیں سو بھائی ہیں، ملا دو اپنے دو بھائیوں کو۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے، شاید تم پر رحم ہو۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَسْخَرْ قَومٌ مِّن قَوْمٍ عَسَى أَن يَكُونُوا خَيْرًا مِّنْهُمْ
اے ایمان والو! ٹھٹھا (مذاق) نہ کریں ایک لوگ دوسروں سے، شاید وہ بہتر ہوں ان سے،

وَلَا نِسَاء مِّن نِّسَاء عَسَى أَن يَكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ
اور جو عورتیں دوسری عورتوں سے، شاید وہ بہتر ہوں ان سے،

وَلَا تَلْمِزُوا أَنفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ
اور عیب نہ دو ایک دوسرے کو، اور نام نہ ڈالو چڑ (برے القاب) ایک دوسرے کی۔

بِئْسَ الاِسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ الْإِيمَانِ
بُرا نام ہے گنہگاری پیچھے ایمان کے۔

وَمَن لَّمْ يَتُبْ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ (١١)
اور جو کوئی توبہ نہ کرے تو وہی ہے بے انصاف۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِّنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ
اے ایمان والو! بچتے رہو بہت تہمتیں کرنے سے۔ مقرر بعض تہمت گناہ ہے،

وَلَا تَجَسَّسُوا وَلَا يَغْتَب بَّعْضُكُم بَعْضًا
اور بھید نہ ٹٹولو کسی کا، اور بد نہ کہو پیٹھ پیچھے ایک دوسرے کو۔

أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَن يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوهُ وَاتَّقُوا اللَّهَ

بھلا خوش لگتا ہے تم میں کسی کو، کہ کھائے گوشت اپنے بھائی کا جو مُردہ ہو۔ سو گھن آئے تم کو اس سے۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے۔

إِنَّ اللَّهَ تَوَّابٌ رَّحِيمٌ (١٢)

بیشک اللہ معاف کرنے والا مہربان ہے۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُم مِّن ذَكَرٍ وَأُنثَى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا

اے آدمیو! ہم نے تم کو بنایا ایک نر اور مادہ سے اور رکھیں تمہاری ذاتیں اور گوتیں، تا (کہ) آپس کی پہچان ہو۔

إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِندَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ (١٣)

مقرر عزت اللہ کے ہاں اسی کو بڑی جس کو ادب بڑا۔ اللہ سب جانتا ہے خبردار۔

قَالَتِ الْأَعْرَابُ آمَنَّا

کہتے ہیں گنوار، ہم ایمان لائے۔

قُل لَّمْ تُؤْمِنُوا وَلَكِن قُولُوا أَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قُلُوبِكُمْ

تو کہہ، تم ایمان نہیں لائے، پر کہو مسلمان ہوئے، اور ابھی نہیں پیٹھا (داخل ہوا) ایمان تمہارے دلوں میں

وَإِن تُطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَا يَلِتْكُم مِّنْ أَعْمَالِكُمْ شَيْئًا

اور اگر حکم پر چلو گے اللہ کے اور اس کے رسول کے، کاٹ نہ لے گا تمہارے کاموں میں سے کچھ۔

إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (١٤)

اللہ بخشتا ہے مہربان۔

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ

ایمان والے وہ ہیں جو یقین لائے اللہ پر اور اسکے رسول پر،

ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

پھر شبہ نہ لائے اور لڑائی کی اللہ کی راہ میں، اپنے مال اور جان سے۔

أُوْلَئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ (١٥)

وہ جو ہیں وہی ہیں سچے۔

قُلْ أَتُعَلِّمُونَ اللَّهَ بِدِينِكُمْ

تو کہہ، کیا جتاتے ہو اللہ کو اپنی دینداری؟

وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (١٦)

اور اللہ کو خبر ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں۔ اور اللہ ہر چیز جانتا ہے۔

يَمُنُّونَ عَلَيْكَ أَنْ أَسْلَمُوا

تجھ پر احسان رکھتے ہیں کہ مسلمان ہوئے۔

قُل لَّا تَمُنُّوا عَلَيَّ إِسْلَامَكُم

تو کہہ، مجھ پر احسان نہ رکھو اپنی مسلمانی کا۔

بَلِ اللَّهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ أَنْ هَدَاكُمْ لِلْإِيمَانِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (١٧)

بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ تم کو راہ دی ایمان کی، اگر سچ کہو۔

إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

اللہ جانتا ہے چھپے بھید آسمانوں کے اور زمین کے۔

وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ (١٨)

اور اللہ دیکھتا ہے جو کرتے ہو۔

***********

**© Copy Rights:**
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**